कुल प्रश्नों की संख्या : 45
Total No. of Questions: 45

# हाईस्कूल परीक्षा, दिसम्बर–2017
# 206

कुल पृष्ठों की संख्या : 07
Total No. of Pages : 07

विषय : उर्दू
Subject: URDU

समय : 03 घण्टे
Time: 03 Hours

اردو

पूर्णांक : 100
Maximum Marks: 100

---

ہدایات: (i) اس سوال نامے میں دو حصّے ہیں "حصّہ الف" اور "حصّہ ب" اور دونوں ہی حصّوں کے سوالات حل کرنا لازمی ہے۔
(ii) ہر سوال کے مقررہ نمبرات سوال کے سامنے دیئے گئے ہیں۔
(iii) "حصّہ الف" میں دیئے گئے سوالات کے نیچے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں ان میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیں۔
(iv) "حصّہ الف" میں ہر سوال پر ایک نمبر مقرر ہے۔

مقررہ نمبرات:25 "حصّہ الف" "Part A" وقت:30 منٹ

سوال نمبر1: پریم چند کا اصلی نام تھا:
(الف) دھن وان رائے (ب) دھرم چند
(ج) دھنپت رائے (د) دھن راج

سوال نمبر2: جمعدارنی کا کام ہوتا ہے:
(الف) صفائی کرنا (ب) بچے پالنا
(ج) کپڑے دھونا (د) حکم چلانا

سوال نمبر3: موتیوں کی لڑی جیسے چمک رہے تھے:
(الف) کان (ب) دانت
(ج) گلا (د) ہاتھ

سوال نمبر4: "گزرا ہوا زمانہ" سبق کے مصنف ہیں:
(الف) الطاف حسین حالی (ب) رشید احمد صدیقی
(ج) سرسید احمد خان (د) کرشن چند

mpcareer.in

سوال نمبر5: آسان زبان میں مختلف اور دلچسپ خطوط لکھے:

(الف) شبلی نے (ب) مرزا غالبؔ نے

(ج) پطرس نے (د) نذیر احمد نے

سوال نمبر6: رام سہائے مل کی بیوی کا نام تھا:

(الف) پدماتی (ب) اندراوتی

(ج) پھول وتی (د) بھاگ وتی

سوال نمبر7: خط بھیجنے والے کا نام ہوتا ہے:

(الف) آخر میں (ب) درمیان میں

(ج) شروع میں (د) ابتدا میں

سوال نمبر8: اس صدی کے کی سب سے کارآمد الکٹرانک مشین ہے:

(الف) کمپیوٹر (ب) فوٹو کاپی

(ج) پرنٹر (د) جی۔پی۔ایس

سوال نمبر9: ہندوستان میں ٹی۔وی۔ کا آغاز ہوا:

(الف) بھوپال میں (ب) کلکتہ میں

(ج) ممبئی میں (د) دہلی میں

سوال نمبر10: سنت کبیر داس بھگت تھے:

(الف) کرشن کے (ب) رام کے

(ج) وشنو کے (د) سائیں بابا کے

سوال نمبر11: نسیم سحری کہتے ہیں:

(الف) شام کی ہوا کو (ب) صبح کی ہوا کو

(ج) دوپہر کی ہوا کو (د) رات کی ہوا کو

سوال نمبر12: کھلونے دے کے بہلایا جا رہا ہے:

(الف) بچے کو　　(ب) دوستوں کو

(ج) بوڑھے کو　　(ج) انسان کو

سوال نمبر13: جس شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے وہ کہلاتا ہے:

(الف) مقطع　　(ب) حسن مطلع

(ج) مطلع　　(ج) گریز

سوال نمبر14: محبوب کے لبوں کو تشبیہ دی گئی ہے:

(الف) چمبیلی کے پھول سے　　(ب) جوہی کے پھول سے

(ج) گلاب کے پھول سے　　(ج) موگرے کے پھول سے

سوال نمبر15: جوگن کا بین سن کر چاندنی:

(الف) غائب ہوگئی　　(ب) مدھم ہوگئی

(ج) مدہوش ہوگئی　　(ج) چھپ گئی

سوال نمبر16: حضرت محمدؐ کے نواسے ہیں:

(الف) حضرت علیؓ　　(ب) حضرت امام حسینؓ

(ج) حضرت زبیرؓ　　(ج) حضرت زیدؓ

سوال نمبر17: ''ڈھانی آنچل والی تو ہے'' شاعر نے کہا ہے:

(الف) پاکستان کو　　(ب) ایران کو

(ج) سری لنکا کو　　(ج) بھارت کو

سوال نمبر18: کجا کے معنی ہیں:

(الف) کب　　(ب) کہاں

(ج) کیوں　　(د) کیا

mpcareer.in

سوال نمبر19: چکبست کا پورا نام تھا:

(الف) پنڈت درگا سہائے (ب) پنڈت بشمبر

(ج) پنڈت برج نرائن (د) پنڈت رام موہن

سوال نمبر20: غزل کے لغوی معنی ہیں:

(الف) محبوب سے باتیں کرنا (ب) انتظام کی ترتیب و آرائش

(ج) پند و نصیحت (د) تاریخی واقعات کا بیان

سوال نمبر21: رواں کا متضاد ہے:

(الف) سفر (ب) منجمد

(ج) بہنا (د) تیرنا

سوال نمبر22: ''خبردار'' لفظ ہے:

(الف) اسم (ب) مفرد

(ج) لاحقہ (د) سابقہ

سوال نمبر23: ''چھاتی پیٹ لینا'' محاورہ کا مفہوم ہے:

(الف) سینے پر وزن ہونا (ب) ماتم کرنا

(ج) دل پھٹ جانا (د) چھاتی میں درد ہونا

سوال نمبر24: شجر کی جمع ہے:

(الف) درخت (ب) برگ

(ج) ثمر (د) اشجار

سوال نمبر25: جو معنی کے اعتبار سے ایک دوسرے کی ضِد ہوں ایسے الفاظ کہلاتے ہیں:

(الف) مرکب (ب) مہمل

(ج) متضاد (د) تاکیدی

"Part B" "حصہ ب"

وقت: ڈھائی گھنٹہ 2 1/2 کل نمبرات: 75

سوال نمبر 1: غالبؔ نے دنیا کے کن ممالک میں جانے کی خواہش ظاہر کی ہے؟ [3]

سوال نمبر 2: عید کا تہوار کب آتا ہے؟ [3]

سوال نمبر 3: اردو رسم الخط میں کتنے حروف ہیں؟ [3]

سوال نمبر 4: ''آدمی نامہ'' نظم کے شاعر کا نام لکھیے؟ [3]

سوال نمبر 5: صالحہ عابد حسین کہاں کی رہنے والی ہیں؟ [3]

سوال نمبر 6: رام سہائے مل نے بھاگ وتی کو عورتوں کو پناہ دینے سے کیوں منع کیا؟ [3]

سوال نمبر 7: نظم کے لغوی معنی کیا ہیں؟ [3]

سوال نمبر 8: جو گن کا بھیس کس نے بنایا ہوا تھا؟ [3]

سوال نمبر 9: مرثیہ میں کس قسم کے واقعات بیان کیے جاتے ہیں؟ [3]

سوال نمبر 10: حالت اضطراب میں شاعر کیا کر رہا ہے؟ [3]

سوال نمبر 11: کوئی دو ۲ محاوروں کے معنی لکھیے؟ [3]

(i) باغ باغ ہونا (ii) نو دو گیارہ ہونا (iii) آنکھوں کا تارا ہونا۔

سوال نمبر 12: ''بد'' لگا کر سابقہ الفاظ بنائیں۔ (کوئی تین) [3]

تمیز۔ زبان۔ صورت۔ نام۔ حال۔

سوال نمبر 13: الفاظ کے معنی لکھیے (کوئی تین) [3]

احمق۔ آتش۔ شیخ۔ ہستی۔ نادم۔



mpcareer.in

سوال نمبر 14: درج ذیل الفاظ کے واحد جمع بنائیں (کوئی تین) [3]

فن۔کتاب۔اوراق۔اسباق شعرا۔

سوال نمبر 15: درج الفاظ کی ضد (الٹا) لکھئے (کوئی دو) [3]

امید۔اچھا۔صبح۔جشن۔نیکی۔سردی۔

سوال نمبر 16: مندرجہ ذیل اقتباس کی سلیس اردو کیجئے اور سبق و مصنف کا نام بھی لکھئے۔ [5]

''ہاں! اس نے گھروں کی چھتوں پر سے بھی گولی چلائی۔رانی کشن کنور بھی ان کے ساتھ بندوق چلا رہی تھیں۔ پھر وہ زخمی ہوگئی۔رانی کشن کنور نے نہ جانے کس طرح اس کو یہاں تک پہنچایا۔ میں تو سمجھتی تھی کہ مر جائے گی، مگر اب بھلی چنگی ہے۔سوچ رہی ہے کسی طرح دلّی سے نکل جائے اور بخت خاں کی فوج میں مل جائے۔''

سوال نمبر 17: درج ذیل حصے میں سے کسی ایک حصے کی تشریح مع حوالہ کے کیجئے۔ [5]

(حصہ الف)

دنیا کی محفلوں سے اکتا گیا ہوں یارب
کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو
شورش سے بھاگتا ہوں دل ڈھونڈتا ہے میرا
ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فدا ہو

''یا''

(حصہ ب)

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب ٹھہرتی ہے دیکھیے جا کر نظر کہاں
اک عمر چاہیے کہ گوارا ہو نیش عشق
رکھی ہے آج لذّت زخم جگر کہاں



mpcareer.in

سوال نمبر 18: اپنے پرنسپل کو ٹی سی نکلوانے کی درخواست لکھئے [5]

"یا"

اپنے والد کو امتحان کی تیاری کے بارے میں ایک خط لکھئے۔

سوال نمبر 19: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ [10]

(i) سائنس کے فائدے اور نقصانات (ii) کوئی تہوار

(iii) کرکیٹ کھیل (iv) پسندیدہ شخصیت (v) موسم برسات

سوال نمبر 20: درج ذیل غیر درسی عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ [5]

"ہوا قدرت کا ایک انمول تحفہ ہے جو ہر جگہ موجود رہتی ہے۔ لوگ اسے دیکھ نہیں سکتے بلکہ محسوس کر سکتے ہیں۔ آدمی، چرند پرند پیڑ، پودے سب کو زندہ رہنے کے لئے ہوا کی ضرورت پڑتی ہے۔ ہوا کی آلودگی (گندگی) صحت پر برا اثر ڈالتی ہے۔ گاڑیوں اور فیکٹریوں سے نکلا ہوا دھواں، نالیوں کا گندہ پانی، سڑی گلی چیزوں کے ڈھیر، مرے ہوئے جانور ہوا کو آلود کر دیتے ہیں۔"

سوالات: (i) قدرت کا دیا ہوا انمول تحفہ کیا ہے؟

(ii) زندہ رہنے کے لئے کس کس کو ہوا کی ضرورت پڑتی ہے؟

(iii) ہوا کی آلودگی سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

(iv) کون کون سی چیزیں ہوا کو آلودہ کر دیتی ہیں؟

(v) مندرجہ بالا اقتباس کا مناسب عنوان لکھئے۔

-----------XX-----------



mpcareer.in